# آپ کے روبیلا (جرمن خسرہ) کے اسکریننگ ٹیسٹ کا نتیجہ

## آپ کو کیا جاننے کی ضرورت ہے



Public Health Agency

## مجھے مزید معلومات کہاں سے ملیں گی؟

آپ اپنے ذہن میں موجود کسی بھی سوالات یا خدشات کے بارے میں اپنے ڈاکٹر یا مِڈ وائف سے اپنے اگلے اپائنٹمنٹ پر بات کر سکتی ہیں۔

آپ یہ ویب سائٹ بھی ملاحظہ کر سکتی ہیں:
**www.nidirect.gov.uk**

یہ کتابچہ دیگر زبانوں میں یہاں دستیاب ہے:

Public Health Agency


**Public Health Agency**
12-22 Linenhall Street, Belfast BT2 8BS.
Tel: 0300 555 0114 (local rate).
www.publichealth.hscni.net


Find us on:

03/25 Urdu

## اگر میں مزید بچوں کی پیدائش کا ارادہ نہ رکھوں، تو کیا تب بھی مجھے ویکسین لگوانی ہوگی؟

MMR کی ویکسین لگوانے سے آپ کو نہ صرف روبیلا بلکہ خسرہ اور گلہڑ کے انفیکشن سے بھی تحفظ ملے گا، اور آپ دوسروں تک یہ انفیکشنز منتقل کرنے سے بھی محفوظ رہیں گی۔

## مجھے کونسے مضر اثرات کا سامنا ہو سکتا ہے؟

کچھ افراد کو کوئی مضر اثرات پیش نہیں آتے، جبکہ بعض کو انجکشن لگنے کے بعد تقریباً 5 سے 12 دن تک ویکسین سے معمولی ردعمل بشمول ہلکا بخار، ریشز یا سوجے ہوئے غدود کا سامنا ہو سکتا ہے۔

دیگر معمولی ردعمل میں (جو عموماً مدافعتی ویکسین لگوانے کے ایک یا دو دن کے اندر سامنے آتے ہیں) شامل ہیں:

- سر درد
- ہلکا بخار (جسم گرم محسوس ہونا)
- متلی (ابکائیاں آنا)
- بے ہوشی چھا جانا یا غشی محسوس کرنا (پہلے کچھ کھا لینے سے یہ مسئلہ بہتر ہو جاتا ہے)
- عمومی طور پر طبیعت ناساز محسوس ہونا۔

**MMR کی دوسری خوراک کے بعد ردعمل کافی حد تک کم سامنے آتے ہیں**

## کیا MMR ویکسین آٹزم سے منسلک ہے؟

دنیا بھر کے ماہرین، بشمول عالمی ادارۂ صحت (WHO)، اس بات پر متفق ہیں کہ MMR ویکسین اور آٹزم کے درمیان کوئی تعلق نہیں ہے۔

## کیا میں اپنے بچے کو اپنا دودھ پلاتے ہوئے MMR ویکسین لگوا سکتی ہوں؟

جی ہاں، آپ لگوا سکتی ہیں۔

## اگر میرے کسی جاننے والے کو ریشز ہوں تو؟

سب سے بہتر یہی ہے کہ حمل کے دوران ریشز میں مبتلا کسی بھی فرد کے قریب نہ جائیں۔

اگر آپ ریشز میں مبتلا کسی فرد کے قریب گئی ہوں، یا آپ کو خود ریشز ہو گئے ہوں، تو آپ کو جلد از جلد اپنے ڈاکٹر یا مِڈ وائف سے بات کرنی چاہیے، مگر جب تک وہ آپ سے نہ کہیں، آپ کو کلینک کے ماحول میں نہیں آنا چاہیے۔

## مجھے اپنی MMR ویکسینیشنز کہاں سے ملیں گی؟

آپ کے بچے کی پیدائش کے بعد، اور اسپتال سے چھٹی ہونے سے پہلے، آپ کو پہلی MMR ویکسین لگائی جائے گی۔

اگر آپ کو یہ یقین نہ ہو یا 'یہ واضح نہ ہو' کہ آیا آپ کو ماضی میں دو خوراکیں لگ چکیں ہیں، تب بھی MMR کی ایک اضافی خوراک لینے میں کوئی حرج نہیں ہے۔

دوسری MMR ویکسین چار ہفتے بعد آپ کا GP لگائے گا۔

اگر آپ کے بچے کی پیدائش گھر میں ہوئی ہو، تو پیدائش کے بعد آپ کی پہلی MMR ویکسینیشن بھی آپ کا GP کرے گا۔

## مستقبل کے لیے تحفظ

MMR کی دو خوراکوں سے آپ کو مستقبل کے حمل کے لیے تحفظ مل جانا چاہیے۔

**آپ کو MMR ویکسین لگوانے کے بعد کم از کم چار ہفتوں تک حاملہ ہونے سے گریز کرنا چاہیے۔ اگر آپ اس عرصے کے دوران حاملہ ہو جائیں، تو اپنے ڈاکٹر یا مِڈ وائف سے بات کریں۔**

## کیا میں حمل کے دوران ویکسین لگوا سکتی ہوں؟

حمل کے دوران MMR ویکسین لگوانے کا مشورہ نہیں دیا جاتا، لہٰذا آپ کو بچے کی پیدائش ہو جانے تک انتظار کرنا چاہیے۔

CRS بچے کے لیے صحت کے کئی مسائل پیدا کر سکتا ہے جن میں شامل ہیں:

- آنکھوں کے مسائل جیسے کہ موتیا
- سننے میں مشکل
- دل کے مسائل
- دماغ میں نقص۔

اگر آپ کے حمل کو 20 ہفتوں سے زیادہ گزر چکے ہیں، تو اس بات کا امکان بہت کم ہے کہ روبیلا آپ کے بچے کو متاثر کرے گا۔

## میں انفیکشن کو کیسے روک سکتی ہوں؟

اگر آپ کو زندگی میں کبھی بھی خسرہ، گلہڑ اور روبیلا (MMR) ویکسینز کی دو خوراکیں چار ہفتوں کے وقفے سے لگی ہوں، تو آپ کو روبیلا انفیکشن سے مناسب طور پر محفوظ ہونا چاہیے، چاہے آپ کے اسکریننگ ٹیسٹ میں روبیلا کی عدم مدافعت پذیری آئے تب بھی۔ تاہم، اگر آپ کو MMR کی ویکسین کبھی نہیں لگی یا صرف ایک ویکسین لگی تھی تو آپ کے بچے کی پیدائش کے بعد آپ کو MMR ویکسین لگائی جائے گی۔

آپ اپنے GP سے کہہ کر اپنے ویکسینیشن ریکارڈ کا پرنٹ آؤٹ لے سکتی ہیں۔



## آپ کے روبیلا (جرمن خسرہ) کے اسکریننگ ٹیسٹ کا نتیجہ - آپ کو کیا جاننے کی ضرورت ہے

آپ کے روبیلا اسکریننگ ٹیسٹ کے نتیجے سے ظاہر ہوا ہے کہ آپ 'روبیلا کی عدم مدافعت' کا شکار ہیں۔

اس کا مطلب یہ ہے کہ اگر آپ روبیلا سے متاثرہ کسی فرد کی قربت میں آئیں تو آپ کو بھی روبیلا ہو سکتا ہے۔

## روبیلا کیا ہے؟

روبیلا ایک وائرل انفیکشن ہے، جس کا مشہور نام جرمن خسرہ ہے۔ اس کی علامات میں شامل ہیں:

- سرخ، دھبے دار ریشز، جو عموماً کانوں کے پیچھے سے شروع ہوتے ہیں اور پھر پورے جسم پر پھیل جاتے ہیں۔
- سوجے ہوئے غدود
- بخار
- زکام جیسی علامات جیسے کہ بہتی ہوئی ناک یا کھانسی
- جسمانی درد یا جوڑوں میں درد۔

## یہ کیسے پھیلتا ہے؟

روبیلا کا انفیکشن بالکل زکام یا فلو کی طرح، کسی متاثرہ شخص کے کھانسنے یا چھینکنے وغیرہ کے باعث اس کی ناک یا منہ سے نکلنے والے بخارات سے پھیلتا ہے۔

## روبیلا کا انفیکشن حمل کے دوران خطرناک کیوں ہے؟

روبیلا کا انفیکشن عموماً صرف تب سنگین خطرہ بنتا ہے جب حمل کے ابتدائی 20 ہفتوں میں آپ اس میں مبتلا ہوں۔ ایسا اس لیے ہے کیونکہ روبیلا وائرس رحم میں بچے کی نشوونما کو متاثر کر سکتا ہے اور کونجینیٹل روبیلا سینڈروم (CRS) نامی عارضہ پیدا کر سکتا ہے۔